# MODEL QUESTION PAPER - URDU 2025-26

## STD 10

TIME : 1 1/2 Hrs.

SCORE : 40

1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔

1. دستورِ ہند کے معمار ڈاکٹر امبیڈکر کا اصلی نام کیا ہے؟ 1

(بھیم امبیڈکر بھیم سکپال بھیم راؤ امبیڈکر بھیم راؤ)

2. بہرام نامی بادشاہ کس سلطنت کا حکمران تھا؟ 1

(دہلی سمرقند رومی دکنی)

3. ہمارے جسم تو الگ الگ ہیں۔ لیکن دل اس طرح ایک ہو کہ میرا آنسو تیری پلکوں سے اٹھایا جائے۔

اوپر دیے ہوئے شعر کا مطلب غور سے پڑھیے اور مناسب شعر ڈھونڈ نکالیے۔ 2

| | |
|---|---|
| (a | جس کی خوش بو سے مہک جائے پڑوسی کا بھی گھر<br>پھول اس قسم کا ہر سمت کھلایا جائے |
| (b | جسم دو ہو کے بھی دل ایک ہوں اپنے ایسے<br>میرا آنسو تیری پلکوں سے اٹھایا جائے |
| (c | اٹھو قدم قدم سے ملاتے چلے چلو<br>سب مل کر ایک راہ بناتے چلے چلو |

4. مکالمے غور سے پڑھیے اور مناسب کردار کا نام جوڑ کر لکھیے۔ 2

(خالہ جان حکیم خان لائیکور جمّن شیخ]

| | | |
|---|---|---|
| a | حضور! میں اب اندھا نہیں ہوں۔ میری بینائی واپس آ گئی ہے۔ | ................ |
| b | بیٹا، تم مجھے روپئے دے دیا کرو۔ میں اپنا الگ پکا لوں گی۔ | ................ |

5 سے 12 تک کے سوالوں سے کسی 6 کے جواب مختصر لکھیے۔ 6x3=18

5. پت جھڑ کی رُت میں پھول کِھلانا کمال ہے

پت جھڑ کی رُت میں پھول کِھلاتے چلے چلو

اس شعر میں شاعر کیا کہنا چاہتے ہیں؟ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

6. امبیڈکر کی نظر میں سب لوگ برابر تھے۔ انھوں نے کہا تھا کہ "ذات پات اور بھید بھاؤ بے معنی ہیں۔"

بچّو، امبیڈکر کی اس قول پر آپ کی کیا رائے ہے؟ اپنے الفاظ میں وضاحت کیجیے۔ 3

7. جس کی خوش بو سے مہک جائے پڑوسی کا بھی گھر

پھول اس قسم کا ہر سمت کھلایا جائے

بچّو، شاعر نیرج ہر سمت کس قسم کا پھول کھلانے کی آرزو رکھتا ہے؟

شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھنے کی کوشش کیجیے۔ 3

8. کہانی 'سنگیت کا کرشمہ' آپ نے پڑھی ہے نا؟

مشہور صوفی بزرگ لائیکور نے بہرام بادشاہ اور ان کے وزیر حکیم خان کے دل میں بہت بڑا متاثر ہوا۔ کیسے؟

اپنے خیالات واضح کیجیے۔ 3

9. ڈاکٹر امبیڈکر نے تعلیم کو بہت اہمیت دی۔ انھوں نے تعلیم اور سماجی مساوات کے لیے کیا خدمات انجام دیں؟

اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

10. مشہور افسانہ 'پنچایت' آپ نے پڑھا ہوگا۔ اس افسانے کا مرکزی خیال کیا ہے؟

انصاف کے بارے میں پریم چند ہمیں کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟ موجودہ دور کی روشنی میں واضح کیجیے۔ 3

11. استاد کرشن کیشو اور بھیم راؤ کے درمیان کیا تعلق تھا؟ پیش کیجیے۔ 3

12. لائیکور ایک روٹی لائے اور کہا کہ 'یہ روٹی راجا کی نابینائی دور کرنے کے لیے ہے۔'

مشہور بزرگ لائیکور نے ایسا کیوں کہتے ہیں؟ اس جملے کی تشریح کیجیے۔ 3

**13 سے 17 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب تفصیل سے لکھیے۔** 4x4=16

13. آج کے ہندوستان میں ڈاکٹر بی۔آر امبیڈکر کی نظریات کس حد تک کامیاب ہوتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔ 4

14. ٹوٹے ہوئے دلوں کو محبت سے جوڑ دو!

جو ہر عمل کے اپنے دکھاتے چلے چلو!

(a) یہ شعر کس نے لکھا؟

(b) شاعر نے دلوں کو جوڑنے کے لیے کیا تجویز دی ہے؟

سوالوں کی روشنی میں اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

15. سلطنت بڑھانے کے ہوس میں بادشاہ ہمیشہ جنگ کرتے ہیں۔آج بھی ملکوں کے درمیاں جنگ کا سلسلہ جاری ہے۔

بچّو، جنگ کے خلاف چار نعرے تیار کیجیے۔ 4

16. سنگیت کا کرشمہ ایک دلکش کہانی ہے۔اس میں بادشاہ بہرام، حکیم خان اور صوفی بزرگ لائیکور جیسے کردار ہیں۔

بچّو، اس کہانی کا کون سا کردار آپ کو زیادہ پسند ہے؟ کیوں؟

کردار کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے کرداری نوٹ تیار کیجیے۔ 4

17. نیچے چند معلومات دی گئی ہیں۔ان کی مدد سے منشی پریم چند کا ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

| | | |
|---|---|---|
| اصلی نام | : | دھنپت رائے |
| پیدائش | : | بنارس کے قریب لمہی گاؤں میں ۳۱/ جولائی ۱۸۸۰ء |
| شہرت | : | اردو اور ہندی کے مشہور افسانہ نگار اور ناول نگار |
| انتقال | : | اتر پردیش کے بنارس میں ۸/ اکتوبر ۱۹۳۶ء |